# JESUS
# 316

## یسُوع کون ہے؟

**یسُوع کون ہے؟** ہمیں اِس سوال کا حقیقی جواب صرف بائبل دیتی ہے۔ پولُس رسُول نے لکھا "ہر ایک صحیفہ جو خُدا کے اِلہام سے ہے تعلیم اور اِلزام اور اِصلاح اور راست بازی میں تربیت کرنے کے لئے فائدہ مند بھی ہے" ۲۔ تیمتھیس ۳:۱۶، خُدا کے الہام سے نازل کردہ بائبل، پیدائش سے لے کر مکاشفہ تک، یہ تعلیم دیتی ہے کہ یسوع ازل سے ابد تک خُدا ہے۔ بائبل بیان کرتی ہے کہ وہ ، "خُداوند خُدا جو ہے اور جو تھا اور جو آنے والا ہے یعنی قادِرِ مُطلق فرماتا ہے کہ مَیں الفا اور اومیگا ہُوں۔" مُکاشفہ ۱:۸۔ بائبل یسُوع کو بطور خُدا، خالق، سردار گلّہ بان، خُداوند، بچانے والا، خُدا کا برّہ، خُداوندوں کا خُداوند، بادشاہوں کا بادشاہ، عمانوایل (خُدا ہمارے ساتھ)، نجات دہندہ، سردار کاہن، اور قیادت اور زِندگی شناخت کرتی ہے۔

**یسُوع خالق تھا۔** "اِبتدا میں کلام تھا اور کلام خُدا کے ساتھ تھا اور کلام خُدا تھا۔۔۔سب چیزیں اُس کے وسیلہ سے پیدا ہُوئیں۔۔۔۔اور کلام مجسم ہُوا اور فضل اور سچائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیان رہا، اور ہم نے اُس کا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اکلوتے" یوحنا ۱:۱-۱۴ سے اقتباس۔ "کیونکہ اُسی میں سب چیزیں پیدا کی گئیں۔ آسمان کی ہوں یا زمین کی۔ دیکھی ہوں یا اَن دیکھی۔ تخت ہوں یا ریاستیں، یا حکومتیں یا اِختیارات سب چیزیں اُسی کے وسیلہ سے اور اُسی کے واسطے پیدا ہُوئی ہیں۔ اور وہ سب چیزوں سے پہلے ہے اور اُس میں سب چیزیں قائم رہتی ہیں۔" کُلسیوں ۱:۱۶-۱۷ سے اقتباس۔

**یسُوع "مَیں ہُوں" ہے۔** یسُوع خُداوند کا فرشتہ ہے، جلتی ہُوئی جھاڑی میں سے موسیٰ کے ساتھ کلام کیا خروج ۳ باب (۱۴۵۰ قبل از مسیح) اور یوحنا ۸ باب میں اپنی شناخت بطور عظیم "مَیں ہُوں" کروائی، یسوع نے اپنی بابت عظیم "مَیں ہُوں" ہونے کا اعلان کِیا جو ابرہام کے پیدا ہونے سے پہلے (۲۱۰۰ قبل از مسیح) اور یہُودی لوگوں سے پہلے موجود تھا۔ یہُودیوں نے دیکھا کہ وہ اپنی بابت خُدا ہونے کا دعویٰ کرتا ہے تو اُس کو سنگسار کرنے کے لئے پتھر اُٹھا لئے۔ بعد ازاں یسُوع نے کہا "باپ اور مَیں ایک ہیں" یوحنا ۱۰:۳۰-۳۱۔ اور یہُودیوں نے پھر اُسے مارنے کے لئے پتھر اُٹھا لئے۔

**یسُوع پرانے عہد نامہ میں۔** خُدا باپ کو کبھی کِسی نے نہیں دیکھا، یوحنا ۱:۱۸، ۶:۴۶۔ تاہم، بیت لحم میں بطور اِنسان مجسم ہو کر جنم لینے سے پیشتر پرانے عہد نامہ میں یسُوع کئی لوگوں پر ظاہر ہُوا تھا۔ وہ پَیدایش ۱۶ باب اور ۲۱ باب میں ہاجرہ پر، خروج ۳ میں موسیٰ پر، قُضاۃ ۶ باب میں جدعون پر، اور قُضاۃ ۱۳ میں سمسون کے ماں باپ پر خُداوند کے فرشتہ کے طور پر ظاہر ہُوا۔ یسُوع پَیدایش ۱۸ اور ۲۲ میں بھی ابرہام پر اور پَیدایش ۳۱ اور ۳۲ میں یعقوب پر ظاہر ہُوا۔ اور یسعیاہ ۴۸:۱۲-۱۹ میں یسوع کا ذِکر تثلیث کے ایک اقنوم کے طور پر کِیا گیا ہے۔ (جو ۷۰۰ سال قبل از مسیح میں لکھی گی تھی)۔

**یسوع کی پہلے سے پیشین گوئی کی گئی تھی۔** پرانے عہد نامہ کی ۳۰۰ سے زیادہ پیشین گوئیوں نے سینکڑوں سال پہلے یسوع کی پیدائش، زِندگی اور موت کو ظاہر کر دِیا تھا۔ اُن میں سے کچھ پیشین گوئیاں زبور ۲۲ میں اُس کے مصلوب ہونے کی تفصیل بتاتی ہیں (جو ۱۰۰۰ قبل از مسیح میں لکھا گیا تھا جب سزائے موت کا ذریعہ سنگسار کرنا ہوتا تھا)۔ زبور ۲۲ کی اُن پیشین گوئیوں کی تکمیل متی ۲۷ میں درج ہے۔

**یسُوع خُدا۔اِنسان بنا۔** یسعیاہ نبی نے پیشین گوئی کی تھی "اِس لئے ہمارے لئے ایک لڑکا تولد ہُوا اور ہم کو ایک بیٹا بخشا گیا" یسعیاہ ۹:۶۔ یسعیاہ نے کہا تھا کہ قادِرِ مُطلق خُدا ہو گا۔ ابدی بیٹا بیت لحم میں پیدا ہونے والے بچے کے طور پر بخشا گیا۔ یسُوع مجسم ہو کر پیدا ہونے سے پہلے ازلی ماضی سے موجود تھا۔ نام "خُدا کا بیٹا" اُس کی پیدائش کی بجائے اُس کے مقام کو بیان کرتا ہے۔ اِس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ بیت لحم میں پیدا ہونے کے وقت سے وجود میں آیا تھا۔ پولُس رسُول نے لکھا "ویسا ہی مزاج رکھو جیسا مسیح یسوع کا بھی تھا۔ اُس نے اگرچہ خُدا کی صورت پر تھا خُدا کے برابر ہونے کو قبضہ میں رکھنے کی چیز نہ سمجھا بلکہ اپنے آپ کو خالی کر دِیا اور خادم کی صورت اِختیار کی۔ اور اِنسانوں کے مُشابہ ہو گیا۔ اور اِنسانی شکل میں ظاہر ہو کر اپنے آپ کو پست کر دِیا اور یہاں تک فرمانبردار رہا کہ موت بلکہ صلیبی موت گوارا کی۔" فلپیوں ۲:۵-۸۔ یسُوع کامل خُدا ہوتے ہُوئے کامل اِنسان بنا۔ ابدی طور پر، پہلے سے موجود یسُوع اِنسان بننے کے لئے زمین پر آیا۔ یوحنا ۳:۱۳، ۳۱، یوحنا ۶:۳۳-۳۸۔ یسُوع بیک وقت کامل خُدا بھی تھا اور کامل اِنسان بھی۔

**یسُوع نے معجزے کئے۔** اُس کے بہت سے معجزے نئے عہد نامہ میں پائے جاتے ہیں۔ اُس کے تِین معجزے ڈرامائی طور پر اُس کے دعوؤں کے ساتھ تھے۔ اُس نے معجزانہ طور پر ۵۰۰۰ لوگوں کو کھانا کھلایا اور پھر کہا، "زندگی کی روٹی مَیں ہُوں۔" یوحنا ۶:۳۵۔ اُس نے ایک نابینا آدمی کو شِفا بخشی یہ کہنے بعد کہ، "جب تک مَیں دُنیا میں ہُوں دُنیا کا نُور ہُوں" یوحنا ۹:۱-۸، اور اُس نے کہا، "قیامت اور زِندگی تو مَیں ہُوں۔ جو مجھ پر ایمان لاتا ہے گو وہ مَر جائے تَو بھی زِندہ رہے گا" یوحنا ۱۱:۲۵۔ پھِر یسوع اپنے دوست لعزر کی قبر پر گیا جِس کو مرے ہُوئے چار دِن ہو گئے تھے اور اُسے آواز دے کر مُردوں میں زِندہ کر دِیا۔ یسُوع نے بیماروں، مفلوجوں، بہروں، گُونگوں، کوڑھیوں کو شفّادی اور کُچلے ہُوؤں کو آرام دِیا۔ اُس نے پانی کو مَے بنایا، پانی پر چلا، اور طوفان کو ساکن کر دِیا، متی ۹:۲-۷ اُن آدمیوں کے متعلق بتاتا ہے جو ایک مفلوج کو یسُوع کے پاس لائے تھے۔

اُس نے اُس آدمی سے کہا" بیٹا خاطر جمع رکھ تیرے گُناہ معاف ہُوئے "مذہبی راہنماؤں نے سوچا کہ یہ کُفر بکتا ہے کیونکہ گُناہ تو صرف خُدا ہی معاف کر سکتا ہے۔ یسُوع نے اُن سے کہا "آسان کیا ہے یہ کہنا کہ تیرے گُناہ معاف ہُوئے یا یہ کہنا کہ اُٹھ اور چل پھِر۔ لیکن اِس لئے کہ تُم جان لو کہ ابنِ آدم کو زمین پر گُناہ معاف کرنے کا اِختیار ہے اُس نے مفلوج سے کہا۔ اُٹھ اپنی چارپائی اُٹھا اور اپنے گھر چلا جا"۔

**یسُوع نے ثابت کیا کہ وہ خُدا ہے۔** یسُوع نے اپنی پیدائش، زِندگی اور موت کے بارے پرانے عہد نامہ کی تمام پیشین گوئیوں کو پُورا کِیا۔ اُس نے اپنے آپ کو خُدا ثابت کرنے کے لئے بہت سے معجزات کئے۔ وہ اختیار کے ساتھ تعلیم دیتا تھا۔ "جب یسُوع نے یہ باتیں ختم کِیں تو ایسا ہُوا کہ بھِیڑ اُس کی تعلیم سے حیران ہُوئی۔ کیونکہ وہ اُن کے فقیہوں کی طرح نہیں بلکہ صاحبِ اِختیار کی طرح اُن کو تعلیم دیتا تھا" متی ۷: ۲۸-۲۹۔ اور اُس نے گُناہ سے پاک زِندگی گزاری، عِبرانیوں ۴: ۱۵، ۱-پطرس ۲: ۲۲، ۱-یوحنا ۳: ۵۔ یسُوع، ایک بے گُناہ خُدا-اِنسان کے طور پر ہمارے گُناہوں کے لئے صلیب پر قربان ہونے والا خُدا کا کامل برّہ تھا۔ "وہ آپ ہمارے گُناہوں کو اپنے بدن پر لئے ہُوئے صلیب پر چڑھ گیا، تاکہ ہم گُناہوں کے اعتبار سے مر کر راستبازی کے اعتبار سے جئیں" ۱-پطرس ۲: ۲۴۔

**یسُوع کو مصلوب کِیا گیا اور وہ مُردوں میں سے جی اُٹھا۔** "کیونکہ۔۔۔ تُمہاری خلاصی فانی چیزوں یعنی سونے چاندی کے ذریعہ سے نہیں ہُوئی۔ بلکہ ایک بے عیب اور بے داغ برّے یعنی مسیح کے بیش قیمت خُون سے،" ۱-پطرس ۱: ۱۸-۱۹۔ "اُنہوں نے اُس کو صلیب پر لٹکا کر مار ڈالا۔ اُس کو خُدا نے تیسرے دِن جِلایا اور ظاہر بھی کر دِیا۔۔۔ اِس شخص کی سب نبی گواہی دیتے ہیں کہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے گا اُس کے نام سے گُناہوں کی معافی حاصل کرے گا،" اَعمال ۱۰: ۳۹-۴۰، ۴۳۔ "چنانچہ مَیں نے سب سے پہلے تُم کو وہی بات پہنچا دی جو مجھے پہنچی تھی کہ مسیح کتابِ مقدس کے مطابق ہمارے گُناہوں کے لئے مُوا۔ اور دفن ہُوا اور تیسرے دِن کتابِ مقدس کے مطابق جی اُٹھا" ۱-کرنتھیوں ۱۵: ۳-۴۔ یسُوع قبر میں سے جی اُٹھا اور آسمان پر جانے سے پہلے بہت سے لوگوں سے مِلا جو اُس کے گواہ ہیں۔

**خُدا تک جانے کا واحد راستہ یسُوع ہے۔** یسوع نے اُس سے کہا، "راہ اور حق اور زِندگی مَیں ہُوں کوئی میرے وسیلہ کے بغیر باپ کے پاس نہیں آتا" یوحنا ۱۴: ۶۔ پطرس رسُول نے کہا، "اور کِسی دوسرے کے وسیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرا نام نہیں بخشا گیا جِس کے وسیلہ سے ہم نجات پا سکیں" اَعمال ۴: ۱۲۔ پولُس رسُول نے لکھا، "کیونکہ خُدا ایک ہے اور خُدا اور اِنسان کے بیچ درمیانی بھی ایک یعنی مسیح خُداوند جو اِنسان بنا ہے۔ جِس نے اپنے آپ کو سب کے فِدیہ میں دے دِیا ہے" ۱-تیمتھیس ۲: ۵-۶۔ یسُوع جو خُدا تک جانے کا راستہ ہے دیگر تمام مذاہب سے مختلف ہے۔ دیگر مذاہب اِنسان کے گُناہ کا کوئی حل پیش نہیں کرتے۔ اُن کی تعلیم ہے کہ اگر آپ نیکی اور بدی کی اُن کی تعریفوں کے مطابق نیک کام کرتے ہیں تو اُن کے معبود آپ کے گُناہ کو نظر انداز کر کے آپ کو جنت میں جانے دے سکتے ہیں۔ یسُوع کا طریقہ یہ ہے کہ اُس پر اِیمان لانے سے آپ کے گُناہوں کے کفارہ میں شامل ہو سکتے ہیں جو صلیب پر ادا ہو چکا ہے اور آپ کو معافی مِل جاتی ہے۔ یسُوع کے ساتھ آپ معافی پا کر آسمان پر چلے جاتے ہیں۔ "کیونکہ خُدا نے دُنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے" یوحنا ۳: ۱۶۔

**یسُوع واپس آئے گا۔** یسُوع نے کہا، "تُمہارا دِل نہ گھبرائے۔ تُم خُدا پر اِیمان رکھتے ہو مجھ پر بھی اِیمان رکھو۔ میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں اگر نہ ہوتے تو مَیں تُم سے کہہ دیتا۔ کیونکہ مَیں جاتا ہُوں تاکہ تُمہارے لئے جگہ تیار کرُوں۔ اور اگر مَیں جا کر تُمہارے لئے جگہ تیار کرُوں تو پھر آ کر تُمہیں اپنے ساتھ لُوں گا تاکہ جہاں مَیں ہُوں تُم بھی ہو" یوحنا ۱۴: ۱-۳۔ اور بائبل کے آخری الفاظ میں یسُوع نے کہا، "بے شک مَیں جلد آنے والا ہُوں [اچانک]۔" یوحنا رسول نے اضافہ کیا، "آمین۔ اَے خُداوند یسُوع آ" مُکاشفہ ۲۲: ۲۰-۲۱۔ اگر یسُوع آج آجائے تو کیا آپ اُس سے ملنے کو تیار ہوں گے؟ یہ یقینی بنانے کے لئے کہ کیا آپ www.Gospel316.org وزٹ کریں کہ کیا آپ یسُوع پر اِیمان رکھنے اور خُدا سے معافی پانے سے اُس سے ملنے کو تیار ہیں۔

**یسُوع ازلی ماضی سے ابدی مستقبل تک خُدا ہے۔**

**اُس کے نام کے ذِکر پر حیرت وعقیدت سے دنگ رہ جائیں!**

---

Acts One Eight کی جانب سے یسُوع کون ہے؟ ۲۰۲۵ از قلم جان ڈی، موریس سوم، شائع کیا گیا۔ آپ اِس مواد میں کوئی تبدیلی کئے بغیر اِس کو پرنٹ کر سکتے، کاپی کر سکتے ہیں، ای میل کر سکتے ہیں، یا کسی کو پیغام کے طور پر بھیج سکتے ہیں۔ آپ پہلے صفحہ کے اُوپر اپنی منسٹری یا چرچ کا نام لکھ اور اپنا لوگو لگا سکتے ہیں اور صفحہ نمبر دو پر نیچے اپنے رابطے کی معلومات شامل کر سکتے ہیں۔ جیز ز ۳۱۶ صرف بائبل پر مبنی ہے۔ یہ یسُوع مسیح پر ایمان لانے اور پھر اُس کے شاگرد بننے کی غرض سے ترقی کرنے میں لوگوں کی مدد کرنے کے لئے موجود ہے۔ (اگر ممکن ہو تو آپ انگریزی میں مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر ای میل کر سکتے ہیں۔ Hello@Mail316.org پر ای میل کر سکتے ہیں: Acts One Eight آپ پر دستیاب ہے۔ www.ChristianLingua.com انگریزی کے علاقہ دیگر زبانوں میں۔ پر مُفت دستیاب ہے۔ www.Jesus316.org یسُوع کون ہے؟ ۴۸ زبانوں میں انگریزی ورژن میں بائبل کے حوالے "دی لاک مین فاؤنڈیشن" کی نیو امریکن سٹینڈرڈ بائبل ۱۹۹۵ سے لئے گئے ہیں۔ اِس ترجمہ میں بائبل کے حوالہ جات ریوائزڈ ورژن ۲۰۲۱ پاکستان بائبل سوسائٹی سے لئے گئے ہیں۔